

# آپ کا مستقبل اہم ہے

United Bank Limited
111-825-888 www.ubldirect.com

UBL | BetterLife Saving Plan

## یو بی ایل بیٹر لائف سیونگز پلان



یو بی ایل بیٹر لائف سیونگز پلان بچت اور سرمایہ کاری کا اہم ذریعہ ہے۔ بچت کی مدت کے دوران جمع شدہ فنڈز بچوں کی اعلیٰ تعلیم، شادی، گھر کی خریداری، ریٹائرمنٹ کے بعد کی آمدنی یا دیگر مقاصد کے لئے استعمال ہو سکتے ہیں۔ یہ پلان اکثر لوگوں کی ضروریات کو پورا کر سکتا ہے۔ یہ یونٹ لنکڈ پلان ہے جو بچت کی معیاد کے اختتام پر اصل رقم فراہم کرتا ہے اور اضافی فائدہ لائف انشورنس کی صورت میں ہے۔

### اس پلان کے کیا مقاصد ہیں؟

اس پلان کی کنٹری بیوشن ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ کے یونٹس کی خریداری میں استعمال ہوگی۔ اس کا مقصد بڑی تعداد میں پھیلے ہوئے شیئرز، حکومت اور دیگر فکسڈ انکم سیکیوریٹیز اور کیش کے متوازن پورٹ فولیو کے ذریعے سرمائے کی نشوونما بڑھانا ہے۔ یہ یونٹ سے منسلک سرمایہ کاری کی متوازن حکمت عملی والا ایک فنڈ ہے۔ اس فنڈ کا انتظام سرمایہ کاری کے ماہرین کے پاس ہے جو بنیادی سرمایہ کاریوں کے امتزاج کو معاشی حالات اور سرمایہ کاری کے مواقع سے ہم آہنگ کرتے ہیں۔



### حادثاتی موت اور ڈسیبلیٹی کور:

حادثاتی وجوہات کی بنا پر اشورڈ شخص کی موت یا معذوری صورت میں یہ پلان فنڈز کی فوری ادائیگی کرتا ہے۔ رقم کی ادائیگی زیادہ سے زیادہ 25 لاکھ روپے کی حد میں رہتے ہوئے بنیادی سالانہ پریمیئم کا 10 گنا ہوگی۔

### کیا پریمیئم میں چھوٹ ممکن ہے؟

اگر کسی حادثے یا بیماری کی صورت میں لائف اشورڈ اپنی نوکری جاری نہ رکھ سکے تو پلان کی کنٹری بیوشن ای ایف یو لائف کرے گی۔

### کیا کسی بھی وقت بچت کو حاصل کیا جا سکتا ہے؟

یہ پلان ہر وقت جمع شدہ فنڈز تک مکمل رسائی مہیا کرتا ہے۔ مجموعی جمع شدہ یونٹس دوسرے پالیسی سال کے پریمیئم کی ادائیگی کے بعد ان کی بولی کی قیمت سے واپس لئے جا سکتے ہیں۔ جزوی حصول کی سہولت بھی دستیاب ہے۔ اگر کسٹمر مکمل سرینڈر کرنا چاہے تو تمام یونٹس موجودہ بڈ پرائس پر کیش کیے جائیں گے اور پلان منسوخ ہو جائے گا۔

### فوائد:

- ایڈیشنل ٹرم اشورنس
- فیملی انکم بینیفٹ
- لائف کیئر پلس بینیفٹ

### قابل اطلاق عمر اور میعاد

وہ تمام افراد جن کی عمر 18 سال سے 65 سال (اگلی سالگرہ) کے درمیان ہے پلان کے لئے اہل ہیں۔ بشرطیکہ پلان کی میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال تک ہو۔ بچت کا عرصہ 10 سے 40 سال کے درمیان ہو سکتا ہے۔

### کنٹری بیوشن:

کم سے کم سالانہ بنیادی پلان کا کنٹری بیوشن صرف -/15,000 روپے ہے۔

### یونٹ کا تعین:

بنیادی پلان میں مستقل کنٹری بیوشن کا تناسب جو سرمایہ کاری کے لئے مقرر کیا گیا ہے، درج ذیل ہے۔

| پالیسی سال | ایلوکیشن کی شرح |
|---|---|
| 1 | 40% |
| 2 | 80% |
| 3 سے آگے | 100% |
| 6 سے 10 | 103%* |
| 11 سے آگے | 105%* |

اگر بنیادی پلان کی کنٹری بیوشن -/20,000 روپے یا زائد ہو۔

### کیا میچورٹی پر بینیفٹ ہے؟

بچت کی میعاد کے اختتام پر ای ایف یو لائف، اشورڈ رقم / انشورنس کور یا کیش ویلیو میں سے جو بھی زائد ہو، ادا کرے گی۔

### چارجز:

☆ بڈ آفر سپریڈ باقاعدہ کنٹری بیوشن کا 5 فیصد ہوگا۔
☆ فنڈ کی قیمت پر ماہانہ %0.125 سرمایہ کاری مینجمنٹ چارج کا اطلاق ہوگا۔
☆ 60 روپے انتظامی چارج ماہانہ کا اطلاق بھی ہوگا۔

### انڈیکسیشن:

یہ آپشن آپ کو ذہنی سکون اور تحفظ مہیا کرتا ہے، یہ جانتے ہوئے کے پلان کے فوائد خود بخود بڑی ہوئی افراطِ زر کی شرح کے ساتھ آپ کی صحت کے قطع نظر بڑھیں گے۔ ایک بار اس آپشن کو منتخب کر کے آپ کا پریمیم پچھلے سال کے پریمیم سے پانچ فیصد بڑھے گا۔

### ڈسکلیمر: (Disclaimer)

- یہ پراڈکٹ ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کی ہے، یو بی ایل یا اس کے منسلکہ اداروں نے ہی اس کی ضمانت دی ہے اور نہ ہی انشورنس کی ہے نیز یہ یو بی ایل کی پراڈکٹ نہیں ہے اور یو بی ایل صرف ایک ڈسٹری بیوٹر کے طور پر کام کر رہا ہے۔
- سرمایہ کاری کے نفع اور نقصان کی ذمہ داری پالیسی ہولڈر کی ہے۔
- ضروری نہیں کے فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کیلئے رہنمائی کا باعث ہو۔ کسی قسم کی پیشگی اندازہ ضروری نہیں کے مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف ایشورنس اور نہ ہی یو بی ایل کسی بھی طرح ذمہ دار ہونگے۔
- ہمارا سیلز کا نمائندہ آپکو فوائد کی شخصی مثال پیش کریگا۔ برائے مہربانی دیگر شرائط وضوابط کو تفصیلاً سمجھنے کے لئے اس مثال میں بیان کی گئی باتوں کو بغور پڑھیں۔
- سروس چارجز اور دیگر ٹیکسز بینک کے ''شیڈول آف چارجز'' اور متعلقہ حکام سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہونگے۔
- یہ معاہدہ کس طرح کام کرتا ہے اسے پالیسی کے قواعد و شرائط میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ پراڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا صرف ایک عمومی خاکہ پیش کرتا ہے اور اس میں دیئے گئے اعداد و شمار ظاہری ہیں اور بطور مثال پیش کیے گئے ہیں۔

*UBL BetterLife*
*Safe today, Safe tomorrow*

where you come first

State Life Building No.1,
I.I. Chundrigar Road, Karachi - 74000, Pakistan
UAN: 111-825-888 Website: www.ubldirect.com

**EFU LIFE ASSURANCE LTD.**
EFU Life House: Plot No. 112, 8th East Street,
Phase I, DHA, Karachi, Pakistan.
Tel: (021) 111-EFU-111 (111-338-111)
Fax: (021) 34537519
Website: www.efulife.com